نیچرل ریسورس اینڈ انرجی سمٹ سے محمد سہیل، شمس احمد شیخ، حسن آر محمد سمیت ملکی اور غیر ملکی ماہرین کا خطاب

کراچی (نمائندہ جنگ) پاکستان میں معدنی ذخائر کا حجم بہت زیادہ ہے۔ صرف چاغی میں ہی سونے اور تانبے کے 1.3 ٹریلین ڈالر کے ذخائر ہیں، اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے قیام کے بعد کانکنی کے شعبے میں تیزی سے سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ پاکستان کی اس شعبے میں آمدنی 2030 تک 8 ارب ڈالر سے بڑھ سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے نیچرل ریسورس اینڈ انرجی سمٹ سے خطاب میں کیا۔ نیچرل ریسورس اینڈ انرجی سمٹ 2025 سے خطاب میں ماہرین کا کہنا تھا کہ پاکستان کی جی ڈی پی میں کانکنی کے شعبے کا حصہ صرف دو سے تین فیصد ہے جبکہ پاکستان میں ان معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں جن کی دنیا کو اس وقت طلب ہے۔ سیمنٹ سے لکی کور انڈسٹریز کے چیئرمین محمد سہیل ٹبا، نیچرل ریسورس این آر ایل کے چیف ایگزیکٹو شمس احمد شیخ، انشورنس بروکریج کمپنی کے بانی حسن آر محمد سمیت ملکی اور غیر ملکی ماہرین نے خطاب کیا۔ سمٹ میں پاکستان میں کانکنی اور توانائی کے شعبے کی ترقی، معاشی ترقی اہمیت، رسک مینجمنٹ کے لئے خصوصی انشورنس، اور ٹیکنالوجی خصوصاً مصنوعی ذہانت کے استعمال پر کلیدی خطاب کیے گئے۔ لکی سیمنٹ اور لکی کور انڈسٹریز کے چیئرمین سہیل ٹبا کا کہنا تھا کہ ایس آئی ایف سی کے قیام کے بعد اب پاکستان میں کانکنی کا شعبے پر اب توجہ دی جا رہی ہے۔ لیڈر کمپنی کے بانی اور چیف ایگزیکٹو حسن آر محمد کا کہنا تھا کہ کانکنی کو ترقی دینے کے لئے اس سے متعلق انشورنس اور مالیاتی کے شعبے کو متحرک کرنا ہوگا۔

CamScanner

# بلوچستان میں محکمہ خوراک کے پاس گندم کا ذخیرہ ختم، بحران شدت اختیار کر گیا

**گندم بحران سے نمٹنے کیلئے بلوچستان حکومت کو سمری بھجوادی، پاسکو یا حکومت پنجاب سے 5 لاکھ بیگز گندم کی خریداری کی سفارش**

**کابینہ کی منظوری سے سٹاک ریلیز کر دیا، تاہم بلوچستان میں ستمبر 2025 تا مارچ 2026 کے لیے محکمہ کے پاس گندم دستیاب نہیں**

**صوبے میں سال 2024 سے 2025 کے لیے گندم کی تاحال خریداری نہیں کی گئی، بلوچستان میں گندم کا اسٹاک صفر ہو گیا**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں محکمہ خوراک کے پاس گندم کا ذخیرہ ختم ہونے کے باعث گندم کا بحران شدت اختیار کر گیا۔ محکمہ خوراک کے ذرائع کے مطابق صوبے میں سال 2024 سے 2025 کے لیے گندم کی تاحال خریداری نہیں کی گئی اس لیے رواں سال ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

گندم کی خریداری نہ ہونے سے بلوچستان میں گندم کا اسٹاک صفر ہو گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ کابینہ کی منظوری سے صوبے میں 2023 کا اسٹاک ریلیز کر دیا گیا ہے تاہم بلوچستان میں ستمبر 2025 تا مارچ 2026 کے لیے محکمہ کے پاس گندم دستیاب نہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ موجودہ گندم بحران سے نمٹنے کیلئے بلوچستان حکومت کو سمری بھجوادی گئی ہے، سمری میں پاسکو یا حکومت پنجاب سے 5 لاکھ بیگز گندم کی خریداری کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد گندم کی خریداری کا عمل آگے بڑھایا جائے گا تاکہ صوبے میں گندم کے پیدا ہونے والے بحران سے نمٹا جا سکے اور لوگوں کو گندم اور آٹے کی کمی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## بلوچستان اسمبلی کی پی اے سی کا اجلاس اہم مالی معاملات زیر بحث

**2021-22 میں بلوچستان کو وفاق سے ڈیوزایبل پول کے کئی ارب روپے کم ملے**

**صورتحال صوبائی حکومت کی جانب سے بروقت پیروی نہ کرنے کی وجہ سے سامنے آیا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اراکین کمیٹی رحمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی، زابد علی ریکی اور صفیہ بی بی شریک ہوئے۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصراللہ جان، آڈیٹر جنرل بلوچستان شجاع علی، سیکرٹری ........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خزانہ عمران زرکون، حبیب الرحمن کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری لاء ڈیپارٹمنٹ سعید اقبال، چیف اکاؤنٹس آفیسر پی اے سی سید محمد ادریس سمیت دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (S&GAD) اور پبلک فنانشل مینجمنٹ سے متعلق آڈٹ پیراز اور اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے سرٹیفکیشن آڈٹ کے دوران سامنے آنے والے مالیاتی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی نے آئین کے آرٹیکل 119 اور ساتویں این ایف سی ایوارڈ کی شق 4(3) کے مطابق بلوچستان کے حصے سے متعلق اہم نکات پر بحث کی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2021-22 میں بلوچستان کو وفاق کی جانب سے ڈیوزایبل پول سے کئی ارب روپے کم ملے۔ یہ معاملہ صوبائی حکومت کی جانب سے بروقت پیروی نہ کرنے کی وجہ سے سامنے آیا، جو آئین اور این ایف سی ایوارڈ کی خلاف ورزی ہے۔ زابد علی ریکی نے کہا کہ یہ معاملہ ہائی لیول پر مرکزی حکومت کے ساتھ اٹھایا جائے۔ ولی محمد نورزئی نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ اس غریب صوبے کو اربوں روپے نہیں مل رہے ہیں اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے حکام اس اہم مسئلے میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہا ہے۔

## اسسٹنٹ کمشنر حنیف نورزئی بازیاب، خصوصی طیارے سے کوئٹہ پہنچ گئے

**ڈپٹی کمشنر کیچ کی کوششوں سے اغواء کاروں کے چنگل سے بازیاب ہوئے**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) اسسٹنٹ کمشنر تمپ حنیف نورزئی، جو حال ہی میں ڈپٹی کمشنر کیچ کی کوششوں سے اغواء کاروں کے ........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

چنگل سے بازیاب ہوئے تھے، 17 ستمبر 2025 کو بحفاظت تربت پہنچ گئے۔ ? تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خصوصی طیارے نے رات 10 بجکر 30 منٹ پر نیول ایئر اسٹیشن (NAS) تربت میں لینڈ کیا، جہاں سے اسسٹنٹ کمشنر حنیف نورزئی کو کوئٹہ روانہ کیا گیا۔ طیارہ رات بارہ بجے کوئٹہ پہنچ گیا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر مکران، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر کیچ بھی اسی خصوصی طیارے میں موجود تھے۔ حکومتی سطح پر حنیف نورزئی کی بازیابی کے بعد ان کی حفاظت اور باعزت واپسی کا اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کیچ اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اقدام کو قابل تعریف قرار دیا ہے۔

INTEKHAB HUB

## کوئٹہ، رواں ماہ کے دوران 35 ملزمان گرفتار، چھینی گئی گاڑیاں و موٹر سائیکل برآمد، محمد بلوچ

**منشیات اور اسلحہ بھی برآمد کیا، کارروائیاں محدود نہیں مستقل مشن، شہر کو محفوظ بنائیں گے ایس ایس پی آپریشنز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے رواں ماہ کے دوران 35 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی گاڑیاں، موٹر سائیکل، منشیات اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

بلوچ نے بتایا کہ رواں ماہ کے دوران کوئٹہ پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 35 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 48 کلو 200 گرام چرس، 150 گرام ہیروئن، 568 گرام آئس، 4 بوتل شراب، ایس ایم جی 3، رائفل 1، شاٹ گن 1، پستول 23 اور 112 کارتوس، 24 موٹر سائیکل اور 3 گاڑیاں برآمد کر لیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان میں موٹر سائیکل اور گاڑیاں چھیننے والے ملزمان بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر کے 16 دنوں میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کی جانے والی کارروائیاں شہر کو منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور جرائم سے پاک کرنے کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہیں۔ یہ سلسلہ صرف کارروائیوں تک محدود نہیں بلکہ ایک مستقل مشن ہے جس کے تحت معاشرے کو محفوظ اور پرامن بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## گوادر میں بجلی کے نظام کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے، نورالحق بلوچ

**چیئرمین گوادر پورٹ کی گفتگو، 80 نئے ٹرانسفارمر خریدے جا رہے ہیں، سی ای او کیسکو**

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے کیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یوسف شاہ نے ملاقات کی۔ جس میں گوادر پورٹ، گوادر فری زون اور 1.2 ایم جی ڈی ڈیسالینیشن پلانٹ سمیت ضلع گوادر کو درپیش بجلی کے بحران پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں اس بات پر بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

زور دیا گیا کہ بجلی کے نظام کو اپ گریڈ کرنے اور ٹرانسفارمرز سمیت پرانی لائنوں کو تبدیل کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ نورالحق بلوچ نے کہا کہ بجلی کے بحران نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کے ساتھ ساتھ پانی کی فراہمی اور فشنگ انڈسٹری کو بھی متاثر کیا ہے۔ کیسکو کے ملازمین کو پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ میں تربیت دی جائے گی۔ سی ای او کیسکو نے کہا کہ گوادر کے بجلی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے 80 نئے ٹرانسفارمرز خریدے جا رہے ہیں جن میں سے 20 ٹرانسفارمرز کو اسٹینڈ بائے رکھا جائے گا، جبکہ تمام خستہ حال تاروں اور کمزور کھمبوں کو بھی تبدیل کیا جا رہا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 15

معاشی کسمپرسی ناقابل برداشت

# پشتون دشمن پالیسی ختم نہ ہوئی تو شدید احتجاج ہوگا، پشتونخوا نیپ

افغان کڈوال عوام کے خلاف نسلی تعصب کا مظاہرہ کیا جارہا ہے، سلسلہ نہ رکا تو چترال اور ایم پی ایز کے گھروں کے سامنے دھرنے دینگے، رہنماؤں کا مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کو ضلع کوئٹہ کے عوام کو روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل [illegible] پولیس، انتظامیہ عوام دشمن رویہ ترک اور حکومت و متعلقہ ادارے افغان کڈوال عوام کے خلاف نسلی تعصب [illegible] پشتون افغان دشمن پالیسی ختم کریں، افغان کڈوال عوام کے خلاف جاری کریک ڈاؤن [illegible]

## گوادر میں پانی کی نئی پائپ لائنوں کو جلد فعال بنایا جائے، ہدایت الرحمٰن

پانی کی فراہمی کا پورا انتظام جی ڈی اے کے سپرد کرنا خوش آئند فیصلہ ہے، اجلاس سے خطاب

گوادر کے ماہی گیروں اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، خطاب، گفتگو

گوادر (نمائندہ جنگ) صوبائی اسمبلی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن نے آج ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر حاجی سید محمد نے جی ڈی اے کے جاری ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے اور دیگر ترقیاتی اقدامات میں پیشرفت پر آگاہ کیا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ نے گوادر میں پانی کی موجودہ صورتحال [illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ گوادر کے ماہی گیروں، شہریوں و عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے، اسلام آباد کے حکمرانوں کی عدم توجہی، کرپشن و کمیشن مافیاز، عوام و حقیقی عوامی نمائندوں کو نظرانداز کرنے کی وجہ سے بلوچستان مسائلستان اور گوادر کو [illegible] بنا دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گوادر میں مختلف مکاتب فکر سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کہا۔ اس موقع پر حق دو گوادر اور جماعت اسلامی کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ [illegible]

## دینی اقدار اور وطن کی سالمیت پر سمجھوتہ نہیں کرینگے، مولانا واسع

ملک کی خوشحالی اور امن کا دارومدار اس کے نظریاتی استحکام پر ہے، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ہر محاذ پر شعائر اسلام، عقیدہ ختم نبوت اور ملک کے استحکام کی جنگ لڑے گی، ہم کسی صورت دین کے بنیادی اقدار اور وطن کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات [illegible] مولانا طاہر توحیدی کی قیادت میں ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ [illegible] اور معاون ناظم مالیات مولانا قاری عبدالباقی و دیگر شامل تھے۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ [illegible] دور میں جہاں عالمی قوتیں ہمارے دینی اقدار اور [illegible] کو نقصان پہنچانے کی سازشیں کررہی ہیں وہاں جمعیت علماء اسلام کا کردار ایک مضبوط دیوار کی طرح ہے [illegible] دین اور ملک کا دفاع کیا اور آئندہ بھی کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی خوشحالی اور امن کا دارومدار اس کے نظریاتی استحکام پر ہے جب تک قوم دینی اقدار اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہے کوئی بھی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

## افغان مہاجرین کو عزت اور تحفظ کا حق حاصل ہے، جمعیت

اس حساس انسانی مسئلے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائے، [illegible] شروری و دیگر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شروری، حاجی عبدالصادق لونی، مولانا شاہ محمد، حاجی سید عبدالواحد آغا، مولانا محمد ساسولی، مولانا محمد ہاشم خیلجی، مولانا حفیظ اللہ، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی، معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی [illegible] محمد فاروقی، رحیم الدین ایڈووکیٹ، نعمت افغان، چوہدری محمد عاطف، مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی، اللہ دوست ایڈووکیٹ، کرنل محمد جان لانگو و دیگر نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ، پاکستان میں مقیم افغان مہاجرین کے حقوق اور ان کی باوقار واپسی کے حوالے سے اپنے گہرے تحفظات کا اظہار کرتی ہے اور تمام متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس حساس انسانی مسئلے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی انسانی حقوق کے اصولوں کے مطابق، ہر مہاجر کو عزت اور تحفظ کا حق حاصل ہے [illegible]

## بھائی کی بحفاظت کو یقینی بنایا جائے

سبزل روڈ کی رہائشی خاتون کی اپیل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زندہ آباد سبزل روڈ کوئٹہ کی رہائشی ڈاکٹر قرۃ العین نے کہا ہے کہ ان کے بھائی کی بحفاظت کو یقینی بنایا جائے، یہ بات انہوں نے بدھ کو وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے کیمپ میں چیئرمین نصر اللہ بلوچ اور لعل محمد کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب ایک بجے پانچ گاڑیوں پر مشتمل سی ٹی ڈی کی ٹیم نے ہمارے گھر پر چھاپہ مارا زیادہ تر لوگ سادہ لباس میں تھے جنہوں نے گھر میں موجود میرے بھائی عقیل احمد کو پکڑ کر مارا ساتھ میں مجھے، میری والدہ اور بھتیجے کو مارا پیٹا اور پورے گھر کی تلاشی لی اس دوران مبینہ طور پر گھر کے دروازے اور الماریوں کو توڑ ڈالا اور جاتے ہوئے میرے بھائی عقیل احمد کو اپنے ساتھ لے گئے جبکہ ہمارے گھر سے تین عدد موبائل فون بھی اٹھا کر لے گئے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ان کے بھائی عقیل احمد کو بحفاظت بازیاب کیا اور منظر عام پر لایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 16


## بارڈرز کی بندش سے ہزاروں خاندان فاقہ کشی پر مجبور ہیں، رحمت صالح بلوچ

### متبادل ذرائع روزگار فراہم کیے بغیر بارڈرز کی بندش غیر سنجیدہ عمل اور عوامی کی معاشی تباہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے ایران سے منسلک بارڈر کی بندش کو مکران اور رخشان ڈویژن کے لاکھوں عوام کے لیے معاشی تباہی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ روزگار اور کاروبار کے متبادل ذرائع فراہم کیے بغیر بارڈر کو بار بار بند کرنا نہ صرف غیر سنجیدہ عمل ہے بلکہ یہ عوام

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کے لیے شدید تشویش کا باعث بھی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مکران اور رخشان ڈویژن کے عوام کی بڑی تعداد کا انحصار سرحدی تجارت پر ہے، لیکن حکومتی نااہلی اور ناقص پالیسیوں کے باعث بارڈر کی بار بار بندش نے ہزاروں خاندانوں کو فاقہ کشی پر مجبور کر دیا ہے۔ ان کے بقول بارڈر کی بندش کسی سیکیورٹی یا پالیسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ عوام کے صبر کا امتحان ہے۔ رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ اگر حکومت بارڈر بند کرنے پر مجبور ہے تو پہلے عوام کو متبادل روزگار، تجارتی مواقع اور بنیادی سہولیات فراہم کرے، بصورت دیگر یہ اقدام معاشی قتل کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی بارڈر بچاؤ تحریک کی مکمل حمایت کرتی ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ایران بارڈر کو فوری طور پر کھول کر عوام کو ان کے بنیادی روزگار سے محروم کرنے کا سلسلہ ختم کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت اور وفاقی ادارے زمینی حقائق کو نظر انداز کرنے کے بجائے عوامی مشکلات کو حل کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔

## خطے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، عبدالقدوس بزنجو

### بلوچستان کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے جدوجہد تیز کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ خطے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہم نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بلوچستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے جدوجہد تیز کرنے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سیاستدانوں کو سنجیدگی کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' یہ با

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے گزشتہ روز صحافیوں کی ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچ علاقوں کے ساتھ پشتون علاقوں میں بھی شرپسند اور دہشت گرد عناصر نے سر اٹھالیا اور سیکورٹی اداروں پر حملے کرتے ہیں جس سے ہمارے سیکورٹی اداروں کے افسران و اہلکاران اپنے جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں ان شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں ہونے دینگے اور نہ اس سلسلے میں سیاسی جماعتوں کو خاموش رہنے کی ضرورت ہے بلکہ وہ سنجیدگی کے ساتھ اٹھ کر اس مسئلے کے حل کے لیے ایک ایسی سنجیدگی کے ساتھ کوشش کریں تاکہ یہ خطہ ترقی کی راہ پر گامزن اور دہشت گردی کا جو لہر ہے ان کا خاتمہ ہوسکے انہوں نے کہا کہ مرکز ہو یا صوبہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ایک اہم رول ادا کیا ہے اور آئندہ بھی ادا کرینگے پیپلز پارٹی خود شہداء اور غازیوں کی جماعت ہے جن میں شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر شہید بے نظیر بھٹو کا نام نمایاں ہے پارٹی اس کے وژن اور مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے پختہ عزم کے ساتھ اس وقت میدان میں ہے اور ہمارے پارٹی کی کوشش ہے کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں امن وامان بحال اور خوشحالی کا دور دورا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 18 SEP 2025 Page No/ 7

خضدار میں فورسز کا آپریشن

# فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گرد ہلاک

اسلحہ گولہ بارود برآمد

شدید فائرنگ کا تبادلہ، ہلاک دہشتگرد علاقے میں متعدد سرگرمیوں میں ملوث تھے، کلیئرنس آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

شیرانی، لیویز اور پولیس تھانہ پر حملہ پسپا، ایک اہلکار شہید، دوسرا لاپتہ، دو جوان زخمی، شدت پسندوں نے لیویز کی گاڑی جلا دی، پی ڈی ایم اے کا سامان تباہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا خضدار میں ٹارگٹڈ آپریشن، فائرنگ کے تبادلے میں دہشت گرد ہلاک۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 50)

سرگرمیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے پانچ دہشتگرد مارے گئے، بھاری تعداد میں اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز پر حملوں، شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کے بیان کے مطابق بلوچستان کے ضلع خضدار میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر 14 اور 15 ستمبر کی رات آپریشن کیا گیا۔ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور بارودی مواد بھی برآمد ہوا، ہلاک دہشتگرد علاقے میں متعدد دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ علاقے میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سیکورٹی فورسز بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں، دہشت گردی کے تمام سہولت کاروں اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

شیرانی (نامہ نگار) فتنہ الخوارج کے شدت پسندوں نے 16 اور 17 ستمبر کی رات شیرانی ٹاؤن کے ضلعی ہیڈکوارٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 51)

میں لیویز تھانہ ہیڈکوارٹر اور پولیس تھانہ پر بھاری ہتھیاروں سے بزدلانہ حملہ کیا، جس پر لیویز اور پولیس اہلکاروں نے جرات کے ساتھ تین گھنٹے تک جاری رہنے والی شدید جھڑپ میں دشمن کو پسپا کر دیا اور بڑے سانحے کو ٹال دیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار آفتاب الرحمان نے شہادت پائی، دو لیویز اہلکار کالو خان اور عبدالواحد زخمی ہوئے جنہیں ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ ایک لیویز اہلکار اعظم تاحال لاپتہ ہیں۔ شدت پسندوں نے ایک لیویز کی گاڑی کو بھی آگ لگا دی اور پی ڈی ایم اے کا سامان تباہ کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے کہا کہ علاقے میں سیکورٹی کو سخت کر دیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہیں۔

## سوئی: بارودی سرنگ کے تین دھماکے، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

واقعہ لنجو سفاری یار وہٹ میں پیش آیا، فورسز کا سرچ آپریشن، ایک شخص شدید زخمی ہوا

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی کے نواحی علاقے لنجو سفاری یار وہٹ میں بارودی سرنگ کے تین دھماکوں کے نتیجے میں خاتون سمیت تین افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق دھماکے اس وقت ہوئے جب مقامی افراد اپنے روزمرہ کے کام کے سلسلے میں علاقے سے گزر رہے تھے کہ اچانک زیر زمین نصب بارودی سرنگیں پھٹ گئیں۔ دھماکوں کی آواز دور دور تک سنی گئی جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی لیویز فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار بھاری نفری کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ زخمی کو فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی حالت تشویشناک بتائی ہے۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق دھماکوں کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کو بھی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید بارودی سرنگوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر علاقے کو سیل کر دیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# دہشتگردوں کا لیویز ہیڈکوارٹر شیرانی پر حملہ، ایک اہلکار شہید، دو زخمی

بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا گیا، لیویز کی ایک گاڑی اور کمپاؤنڈ میں ذخیرہ شدہ سامان، فرنیچر اور الیکٹرانک آلات تباہ

حملہ آوروں اور لیویز کے مابین شدید فائرنگ کا تبادلہ، ایک لیویز اہلکار تاحال لاپتہ، حملہ فتنہ الخوارج نے کیا، ڈی سی

شیرانی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ کے مطابق منگل اور بدھ کے درمیانی شب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے تقریباً 30 میٹر کے فاصلے پر واقع لیویز تھانہ ہیڈکوارٹر اور پولیس تھانہ شیرانی ٹاؤن پر بزدلانہ اور مربوط حملہ کیا۔ شاہ پور راکٹ لانچر اور ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7

راکٹ لانچرز سمیت بھاری ہتھیاروں سے لیس حملہ آوروں نے دونوں تنصیبات پر اندھا دھند فائرنگ کی۔ لیویز اور پولیس اہلکاروں نے غیر معمولی بہادری کے ساتھ جوابی کارروائی کرتے ہوئے عسکریت پسندوں کو شدید بندوق کی لڑائی میں شامل کیا جو عینی شاہدین کے مطابق تین گھنٹے سے زائد جاری رہی۔ ان کی مزاحمت نے قصبے میں ایک بڑے سانحے کو روک دیا۔ مقابلے کے دوران ایک پولیس اہلکار آفتاب الرحمان نے شہادت کو گلے لگا لیا۔ دو لیویز اہلکار کالو خان اور عبدالواحد زخمی ہوئے۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد دونوں کو مزید طبی امداد کے لیے ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ ایک لیویز اہلکار اعظم تاحال لاپتہ ہے، جس کی تلاش جاری ہے۔ حملہ آوروں نے لیویز کی ایک گاڑی کو بھی آگ لگا دی اور کمپاؤنڈ میں ذخیرہ شدہ PDMA اسٹاک بشمول فرنیچر اور الیکٹرانک آلات کو تباہ کر دیا۔ ضلعی انتظامیہ نے اس بزدلانہ فعل کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ علاقے میں سیکورٹی کو مزید سخت کر دیا گیا ہے، اور مزید تفتیش جاری ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: مغوی خاتون تین بچوں سمیت بازیاب، ملزم گرفتار

میر حسن پولیس تھانہ نے مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں پولیس کی کامیاب کارروائی، مغوی خاتون تین بچوں سمیت بازیاب، ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن پولیس تھانہ کی حدود گزشتہ شب کامیاب چھاپے کے دوران مغوی خاتون (ح) کو اس کے تین بچوں کائنات بی بی، کاشیان علی اور امنہ بی بی کو بازیاب کرا لیا گیا ہے ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے اغوا کار رسالیس کش کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی۔

## چمن: بھاری مقدار میں منشیات برآمد ایک ملزم گرفتار

چمن (نامہ نگار) سپرنٹنڈنٹ آف پولیس عبداللہ چیمہ، ڈی ایس پی/ ایس ڈی پی او طاہر محمود کیانی اور ایس ایچ او محمد ولی کاکڑ کے ہمراہ پولیس تھانہ سٹی چمن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس نے منشیات کے خلاف بڑی کارروائی کے دوران 40 کلوگرام چرس مانند اور 585 کلوگرام بھنگ کا بوسہ برآمد کر لیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 18

# گرین بس عوام کیلئے زحمت بن گئی، سواریاں بیچ راستے اتاری جانے لگیں

سریاب کسٹم سے سواریاں اٹھا کر بازار پہنچانے کی بجائے یونیورسٹی کے سامنے اتار دیا جاتا ہے، عوام کو دو بار بسیں تبدیل کرنا پڑتی ہیں

عوام کو ایک ہی روٹ پر بار کرایہ ادا کرنا پڑتا ہے، خواتین، بزرگ اور طلبا و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا، اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں

کوئٹہ (آن لائن) گرین بس والوں نے سریاب کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا عوام کو خوار کر کے بیچ راستے اتار دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو دو بسوں کے ذریعے منزل مقصود تک پہنچنا پڑتا ہے۔ گزشتہ چند روز قبل بازار سے سریاب کسٹم تک 2 بسیں چلانے کا اعلان کیا گیا کچھ دن بسیں بازار سے سریاب کسٹم اور پھر سریاب کسٹم سے بازار تک چلتی رہیں۔ اب نیا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے کہ بازار سے یونیورسٹی تک لوگوں کو اتار دیا جاتا ہے پھر دوسری بس میں لوگ سفر کرتے ہیں سریاب کسٹم سے سواریوں کو اٹھا کر یونیورسٹی کے سامنے اتار دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے خواتین، طلبا، بزرگ اور بچوں کو دوسری بس کا انتظار کرنا پڑتا ہے اور انہیں ایک ہی روٹ پر دو دفعہ کرایہ ادا اور بس تبدیل کرنا پڑتی ہے جو کہ عوام کے ساتھ دھوکہ اور ان کے وقت کا ضیاع ہے۔ اس سے قبل سریاب کے عوام لوکل بسوں کے ذریعے بازار سے لیکر اسٹیشن تک سفر کرتے تھے اس سلسلے میں شہریوں کا کہنا تھا کہ لوکل بسیں اگر حکومت نے بند کرنی تھیں تو گرین بسوں کی تعداد بڑھا دی جاتی تا کہ لوگ با آسانی اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاتے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ بازار سے سریاب کسٹم اور پھر سریاب کسٹم سے بازار تک بسیں چلائی جائیں نہ کہ انہیں آدھے راستے میں چھوڑ دیا جائے۔ حکومت عوام کو سہولت اور سستی سواری کے نام اذیت دے رہی ہے۔ سواریوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونسا جاتا ہے اور آدھے راستے میں اتار دیا جاتا ہے۔ سریاب سے منتخب ہونے والے نمائندے بسیں شروع ہونے کے موقع پر کریڈٹ لینے میں ایک دوسرے پر بازی لے جانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اب بس والوں کی ناانصافی اور ظلم کے خلاف کوئی آواز نہیں اٹھا رہا سریاب کے عوام بے یار و مددگار اور حکومتی سہولیات سے محروم ہوتے جا رہے ہیں۔ لوکل بسیں بند اور سریاب تک صرف 2 بسیں چلنے سے لوگ پریشانی میں مبتلا ہو کر رہ گئے ہیں۔

# صوبائی دارالحکومت جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم

پانی تعلیم اور صحت کی سہولیات ناپید، ٹینکر مافیا، نجی ہسپتال و تعلیمی ادارے عوام کو لوٹنے میں مصروف

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام کئی برسوں سے بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ شہریوں کے مطابق کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی کی قلت سنگین صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ اکثر علاقے دنوں اور بعض جگہوں پر ہفتوں تک پانی سے محروم رہتے ہیں، جس کی وجہ سے لوگ ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ اسی طرح شہر کی سڑکیں اور گلیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ جا بجا نالیوں کا گندا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے اور خستہ حال سڑکیں آمد و رفت میں دشواری کا سبب بن گئی ہیں۔ ٹریفک جام اور تجاوزات بھی کوئٹہ کے مستقل مسائل ہیں، جس کی وجہ سے شہری روزانہ ذہنی اذیت کا سامنا کرتے ہیں۔ صحت کی سہولیات کے حوالے سے بھی عوامی شکایات بڑھ رہی ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولتوں کی کمی اور عملے کی غیر حاضری کے باعث مریض نجی اسپتالوں کا رخ کرنے پر مجبور ہیں، جہاں علاج مہنگا ہونے کی وجہ سے غریب طبقہ سخت پریشانی میں مبتلا ہے

## جیل صحت پروگرام کا انعقاد!

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے جیل صحت پروگرام کے تحت سنٹرل جیل کوئٹہ میں میڈیکل سکریننگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ "جیل صحت پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے۔جس کے تحت صوبے کی جیلوں میں قید قیدیوں کی صحت کی معیاری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔یہ پروگرام بلوچستان حکومت کا ایک انقلابی پروگرام ہے جو قیدیوں کے بنیادی حقوق اور صحت کے تحفظ کو یقینی بنانے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔اس موقع پر صوبائی سیکرٹری صحت شہک بلوچ ،آئی جی جیل خانہ جات،ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے جیل میں قیدیوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ جیلوں میں موجود قیدی بھی معاشرے کا حصہ ہیں اوران کی صحت کے حوالے سے ذمہ دارانہ اقدامات وقت کی ضرورت ہیں اس پروگرام کے تحت قیدیوں کو ہیپاٹائٹس اے اور بی،ٹپ دق،بلڈ پریشر،ذہنی امراض سمیت 30 سے زائد دیگر متعدد بیماریوں سے بچاؤ کے لیے معائنہ ادویات اور علاج معالجہ فراہم کررہا ہے۔ماضی میں قیدیوں کی صحت کو وہ ترجیح نہیں دی گئی جس کے وہ حقدار تھے۔تاہم موجودہ حکومت نے یہ اقدام حاصل کیا ہے کہ پہلی مرتبہ خصوصی طور پر جیلوں میں صحت کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔قیدیوں کو بھی وہی سہولتیں میسر ہونگی جو معاشرے کے دیگر افراد کو حاصل ہیں۔ہمارا مقصد صرف علاج معالجہ فراہم کرنا نہیں بلکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص ،ویکسی نیشن اور آگاہی کے ذریعے قیدیوں کو صحت مند بنانا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ "جیل صحت پروگرام" کا آغاز بلاشبہ ایک قابل تعریف اور حقیقی معنوں میں تاریخی اقدام ہے جو اس سے قبل نہیں تھا۔اس طرح یہ اعزاز بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو حاصل ہوگیا ہے۔اس سے قبل بھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایسے اقدامات کر چکے ہیں جو کہ سابقہ حکومتیں نہیں کر پائیں ان میں زیادہ تر اقدامات کا تعلق براہ راست عوام سے ہے۔اس طرح ان کے ایسے اقدامات اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ میر سرفراز بگٹی صحیح اقدامات کررہے ہیں۔اب تک ایسے لوگ بھی ان واقعات میں شامل ہیں جن کی رسائی وزیراعلیٰ تک ممکن نہیں تھی جو اب ممکن ہوگئی ہے۔وزیراعلیٰ نے کھلاڑیوں،طالب علموں اور دوسرے ضرورت مند لوگوں کے مسائل حل کیے ہیں جو کہ واقعی تاریخی اقدامات ہیں۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 SEP 2025

Page No. 20


## گوادر کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے حکومت بلوچستان کی سنجیدہ کوششیں!

بلوچستان اور ملک کے معاشی مستقبل گوادر میں بنیادی سہولیات کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جارہے ہیں خاص کر گوادر میں پانی کا مسئلہ بہت دیرینہ ہے جہاں قلت آب کی وجہ سے لوگ شدید پریشان ہیں اور ٹینکرز سے مہنگی قیمت پر پانی خرید کر اپنی ضروریات پوری کرنے پر مجبور ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے گوادر کے مکینوں کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، وہ خود اس معاملے کی نگرانی کررہے ہیں تاکہ گوادر میں پانی کا دیرینہ مسئلہ حل ہوسکے جبکہ بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا جو تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔ گوادر بلوچستان کا اہم ترین علاقہ ہے یہاں سی پیک سمیت دیگر میگا منصوبے جاری ہیں جن سے ملکی معیشت میں انقلاب برپا ہوگا۔ گوادر کے اہم منصوبوں کے فوائد کا حق سب سے پہلے گوادر کے باشندوں کا ہے انہیں پانی، بجلی، انفراسٹرکچر سمیت معاشی مواقع ملنے چاہئیں تاکہ گوادر کے عوام اپنے وسائل سے مستفید ہوں، خوشحال ہوں، مسائل سے نجات پائیں۔ امید ہے کہ گوادر کو مثالی ضلع بنانے کے لیے وہاں کی ترقی وخوشحالی کو یقینی بنایا جائے گا۔ بلوچستان اور ملک کی ترقی گوادر سے جڑی ہوئی ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے گوادر سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع کو خوشحالی کی جانب گامزن کرنے کیلئے کوئی کسر نہ چھوڑی جائے تاکہ محرومی و پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 22

# Financial irregularities

Balochistan continues to languish as the most impoverished region of Pakistan. The paradox is stark and often attributed to a lack of development and neglect from the center. However, a recent revelation by the Public Accounts Committee (PAC) of the Balochistan Assembly exposes a more insidious and immediate cause for the province's fiscal woes: a systemic and brazen disregard for financial discipline by its own officials.

The PAC's review of recent audit reports paints a grim picture of widespread financial irregularities. It's not just a few million rupees here and there; we are talking about billions of rupees that have been improperly handled, diverted, or simply left uncollected. Rs740.6 million in savings were never surrendered to the treasury from the 2016-17 non-development funds.

This is money that should have been returned to the public exchequer to be reallocated for other pressing needs. More egregiously, between 2020 and 2022, deputy commissioners, the very custodians of public trust at the district level—kept over Rs19.14 billion in private bank accounts.

This is a staggering sum, money that belongs to the people of Balochistan, sitting in private accounts instead of being used for health, education, or infrastructure projects. This practice is not merely a "lapse"; it is a gross violation of financial rules and a betrayal of the public's trust.

Auditors were denied access to expenditure records worth Rs33.74 million, a clear sign of an attempt to conceal misuse of funds. The government's failure to collect over Rs1.1 billion in taxes, including Usher and agricultural income tax, further starves the exchequer of critical revenue. This negligence is particularly painful in a province where every rupee counts.

The PAC has rightly called for all withheld funds to be deposited into the treasury and for strict action against negligent officers. However, the true test will be in the implementation of these directives. The fact that deputy commissioners have failed to comply with PAC directives issued as far back as 2020 underscores the institutional resistance to change and accountability.

The financial irregularities in Balochistan are not a minor administrative glitch; they are a major impediment to the province's development. How can a province with a perennially empty treasury hope to lift its people out of poverty? The very officials entrusted with managing the province's finances are actively contributing to its financial distress.

The money that could have built schools, hospitals, or roads is either sitting idle in private accounts or has been lost to a convoluted web of financial malpractices.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 23


# صوبے میں آب نوشی کے مسائل اور حکومتی اقدامات

کرہ ارض پر پانی کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔ زمین کے کل پانی میں سے تقریباً 3 فیصد پانی پینے کے قابل ہے، اسی وجہ سے پانی کی اہمیت مسلمہ ہے۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے یہ بات سامنے آتی رہی ہے کہ پاکستان خاص طور پر بلوچستان پانی کے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔

**تحریر: عدیل احمد**

کبھی پانی کی کمی اور کبھی موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے سیلاب اور قدرتی آفات۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر وسائل کی کمی کے باعث یہ سب سے پسماندہ صوبہ بھی ہے۔ یہاں کی آب و ہوا خشک ہے اور بارشیں دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہت کم یا تقریباً نہ ہونے کے برابر ہوتی ہیں۔ بلوچستان کی مجموعی آبادی کا تقریباً 70 فیصد براہ راست زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبے سے منسلک ہے اور انہی ذرائع سے اپنی روزی کماتا ہے۔ زراعت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ٹیوب ویلز کا وسیع استعمال زیر زمین پانی کی سطح کو روز بروز نیچے دھکیل رہا ہے۔ زیر زمین پانی میں معدنیات، جیسے فلورائیڈ، کی مقدار بڑھنے کا امکان ہے جس سے پانی کھارا اور صحت کے لیے مضر ہو جاتا ہے۔ ساحلی علاقوں میں بھی کنوؤں پر انحصار کیا جاتا ہے، اور کئی علاقوں میں پانی کی قلت عیاں ہے۔ کوئٹہ میں پانی کے بحران کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ شہر کی پانی کی ضروریات کو پوری کرنے کے لیے ٹینکروں کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے۔ پانی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بلوچستان میں 1987 میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پی ایچ ای (PHE) اور 1989 میں واسا کا قیام عمل میں آیا۔ صوبائی حکومت نے مختلف اوقات میں متعلقہ محکموں کو فنڈز دیے اور سہولیات فراہم کرنے کی کوششیں کیں، مگر بڑھتی ہوئی آبادی، محدود وسائل اور عوامی غفلت کے باعث یہ مسائل مزید سنگین ہو گئے ہیں۔ مثال کے طور پر بلوں کی عدم ادائیگی، گاڑیوں اور گھریلو استعمال میں میٹھے پانی کا غیر مناسب استعمال وغیرہ واسا کیلئے چیلنج بن گئے ہیں۔ صوبائی حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے منصب سنبھالنے کے بعد غیر قانونی ٹیوب ویلز کے خلاف کارروائیوں کی ہدایات دی ہیں تاکہ زیر زمین پانی کی سطح کو لاحق نقصان کو روکا جا سکے۔ یہ آئندہ نسلوں کی امانت ہے۔ خاص طور پر کوئٹہ اور خضدار جیسے علاقوں میں فلورائیڈ اور دیگر نمکیات کی بڑھتی ہوئی مقدار تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے اور اس کے لیے فوری منصوبہ بندی اور ٹھوس اقدامات درکار ہیں۔ مثبت اقدام کے طور پر گزشتہ ایک سال میں حب کے علاقے کنڈ ملیر میں سمندر کے پانی کو صاف کرنے کے لیے آر او (R.O.) پلانٹ نصب کیا گیا۔ کنڈ ملیر کی آبادی تقریباً 5 سے 6 ہزار ہے اور وہاں پینے کے لیے صرف ایک کنواں دستیاب تھا۔ سمندر کے پانی کی کل تحلیل نمکیات (TDS) تقریباً 30,000 تھی جو مضر صحت تھی۔ آر او پلانٹ کے ذریعے اس پانی کو ٹریٹ کر کے استعمال کے قابل بنایا گیا اور تقریباً 4,000 گیلن روزانہ (6 گھنٹے آپریشن کے بعد) کے قریب پانی فراہم کیا جاتا ہے جو اس مقامی آبادی کے لیے کافی ثابت ہوا۔ صوبائی حکومت کے یہ اقدامات قابل ستائش ہیں، مگر صرف حکومتی کوششیں کافی نہیں ہوں گی۔ عوام کو بھی اپنی ذمہ داری سمجھ کر پانی کے استعمال میں احتیاط اختیار کرنی چاہیے — غیر ضروری ٹیوب ویلز نہ لگائیں۔ میٹھے پانی کو غیر ضروری کاموں میں ضائع نہ کریں، بل وقت پر ادا کریں اور غیر قانونی نکاسی بے ضابطگیوں کی اطلاع دیں۔ جب حکومت اور عوام مل کر مستقل منصوبہ بندی اور شعور پیدا کریں گے تو ہم آنے والی نسلوں کے لیے پانی کے بحران کو کم کر سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 SEP 2025 Page No. 24


# سبی گرینڈ جرگہ 2025



سبی بلوچستان کی تاریخ کا وہ خطہ ہے جس نے

**رپورٹ: عنایت الرحمن**

ہمیشہ سیاسی، سماجی اور قبائلی سطح پر کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ سبی تاریخی طور پر جرگوں کا مرکز رہا ہے، جہاں قبائل کے درمیان تنازعات اور مسائل جرگہ سسٹم کے ذریعے حل کیے جاتے رہے ہیں۔ بلوچ ثقافت میں جرگہ نہ صرف انصاف کا ذریعہ ہے بلکہ یہ باہمی اتفاق اور یکجہتی کی علامت بھی ہے۔ اس جرگہ روایت کی بنیاد پر آج بھی عوامی مسائل پر بات چیت اور ان کے حل کے لیے گرینڈ جرگے منعقد کیے جاتے ہیں۔ ماضی کی انہی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے گزشتہ روز سبی میں ایک تاریخی گرینڈ جرگے کا اہتمام کیا گیا۔ جرگہ میں اہم اعلیٰ شخصیات گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر 12 کور راحت نسیم احمد خان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس سردار کوہیار خان ڈومکی، صوبائی وزیر کمیونیکیشن اینڈ ورکس سلیم کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی عاصم کرد گیلو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، آئی جی پولیس محمد طاہر اور قبائلی عمائدین، معتبرین کی کثیر تعداد بھی شریک تھی گورنر بلوچستان کا خطاب گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جرگہ بلوچ ثقافت کا ایک لازمی جزو ہے اور اس روایت نے ہمیشہ عوام کو مسائل کے حل کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سلسلہ ژوب سے شروع ہوا اور آج سبی تک پہنچا ہے، جہاں عوام اپنے مسائل کھل کر بیان کر سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ژوب میں بھی ریاست مخالف قوتوں نے لوگوں کو ورغلانے کی کوشش کی، لیکن عوام نے دانشمندی کا مظاہرہ کیا اور دشمن کے عزائم ناکام بنا دیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہندوستان کبھی پاکستان کا دوست نہیں ہو سکتا، وہ شروع دن سے پاکستان کے خاتمے کے درپے ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمیں کسی کے آلہ کار نہیں بننا چاہیے بلکہ اپنی آنے والی نسلوں کے مستقبل کو پاکستان کے ساتھ



جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے طلباء کے لیے سہولیات، فیسوں میں رعایت اور اسکالرشپس کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ اقدامات ان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کا خطاب گرینڈ جرگے کے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حقوق کے نام پر مسلط کردہ جنگ نے سب سے زیادہ بلوچ عوام کو متاثر کیا ہے، حالانکہ اس کا حقوق و محرم سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ محض دہشت گردی ہے جس کا مقصد پاکستان کو کمزور کرنا



ہے۔ وزیراعلیٰ نے نوجوانوں اور قبائلی عمائدین سے کہا کہ وہ زمینی حقائق کو تسلیم کریں اور یہ سمجھیں کہ پاکستان ہی بلوچستان کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ نے سوشل میڈیا کے غلط استعمال کو نوجوانوں کی گمراہی کی ایک بڑی وجہ قرار دیا اور کہا کہ دشمن پروپیگنڈے کے ذریعے



نوجوانوں کو ریاست مخالف سمت میں لے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت ہے جو نوجوانوں کو آکسفورڈ اور ہارورڈ جیسی یونیورسٹیوں تک رسائی فراہم کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف دشمن قوتیں انہیں دہشت گردی کی تاریکیوں میں دھکیل رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے خواتین، اقلیتوں اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے حکومتی اقدامات کا ذکر کیا اور کہا کہ حکومت ان کے لیے عملی منصوبے بجٹ میں شامل کر چکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خواتین کا احترام حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ ایک اچھے شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سب کو آئین پاکستان کی پاسداری کرنی چاہیے عوامی سوالات کے جواب دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا جن میں: محکمہ صحت میں ڈاکٹروں اور 30 سے زائد اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی بھرتی، سبی۔تلی اور کوئٹہ۔سبی روڈ پر کام کا آغاز، تین ارب روپے کی لاگت سے سیلاب پروجیکٹ، میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے لیے بس کی فراہمی، خواتین کے لیے پارک، آئی ٹی سینٹر اور لائبریری کا قیام، طلباء کو آسان اقساط پر اسکوٹیاں دینے کا منصوبہ اور پی ایچ ڈی پر ڈاکٹری بنانے والے طلباء کے لیے 8 لاکھ روپے انعام شامل ہیں۔ کور کمانڈر 12 کور کا خطاب اس موقع پر کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک عوام کے لیے ہے اور حکومت عوام کی خدمت کے لیے موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا نفاذ ہو چکا ہے جس کے ذریعے عوامی مسائل ضلعی سطح پر حل ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امن و امان کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے بی ایریاز کو اے ایریاز میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے عوامی تحفظ میں اضافہ ہوگا۔ کور کمانڈر نے سبی۔کوئٹہ روڈ کی توسیع کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے عوام کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی تعاون سے صوبے میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی۔ سبی میں منعقدہ اس گرینڈ جرگہ نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کیا ہے کہ جرگے بلوچ ثقافت کی جڑ ہیں اور آج بھی عوامی مسائل کے حل کا موثر ذریعہ ہیں۔ گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر کے خطابات نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان اور پاکستان کا مستقبل ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور کسی بھی ریاست مخالف پروپیگنڈے کو عوامی اتحاد سے ناکام بنا دیا جائے گا۔

◊◊◊

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 18 SEP 2025 Page No. 25

# Last Paper Cut, First Digital Click

Balochistan has made history by inaugurating the country's first financial e-filing system. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, while launching the initiative, avowed that the era of paper files is now over. Within a year, all government systems of Balochistan will be shifted to e-filing. No work will be done on paper, and all departments will be required to adopt the digital system. It is, in fact, a landmark moment for governance in Balochistan and a message to the entire country: transparency, efficiency, and innovation are no longer dreams; they are possible with political will and technology. For decades, country's bureaucracy has been dishonorable for its dependency on paperwork. Files have moved slowly across offices, often delayed intentionally or misplaced deliberately. Citizens have had to make endless visits, wait in long queues, and deal with officials who could use red tape to their advantage. Paper-based systems also left more room for human error and bias, making governance inefficient and often corrupt. E-filing promises to end this culture. With a single online portal, citizens will be able to submit applications, tax returns, or other documents in just a few clicks. There will be no need to chase files through government corridors. There will be no excuses of files being "lost." And most importantly, the digital record will ensure accountability. Every action will leave a trace.

Balochistan is Pakistan's largest province by area but also one of the least connected in terms of physical infrastructure. For many citizens, government offices are far away, requiring long and costly travel. A simple form submission could take days. In such a context, e-filing is not just an administrative upgrade; it is a lifeline. By moving services online, the government will save people time, money, and frustration. Citizens in remote districts will be able to access the same services as those in Quetta. This will not only improve governance but also strengthen trust between the people and the state. Critics may argue that bringing all departments online in one year is too ambitious. But as the Chief Minister rightly said, this is not rocket science. Pakistan already has examples of e-systems at the federal and provincial levels.

By Iftikhar Ali

UNITED NATIONS: With famine, fighting and aid worker detentions exacerbating the crisis in Yemen, Pakistan has called on all parties to break the stalemate through political will and concrete steps towards an inclusive peace process.

"The Security Council must facilitate and advance the peace process," Ambassador Usman Jadoon, deputy permanent representative of Pakistan to the UN, told the 15-member Council on Monday.

"It (the Council) must speak with one voice to

"senior Ansar Allah officials, some of whom were interlocutors of my office".

This "escalatory cycle must end", he stressed, adding that "if Yemen is addressed primarily through the lens of regional concerns, the voices and aspirations of the Yemenis themselves become sidelined". The country is "dragged further from a peace process that would bring sustainable, long-term peace". He urged the Council to "get the focus back on Yemen".

In his remarks, the Pakistani envoy regretted that the Yemeni peace process has not made the desired progress, resulting in continued suffering

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 18 SEP 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے چیمبر میں پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی چیئرمین ملاقات کر رہے ہیں